# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu News Bulletin

**Dated : 03-09- 2026**

**Time : 09:25 / AM**

---

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر۔

بھارت دورہ

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دہلی میں بلجیم کے اپنے ہم منصب **Bart De Wever** کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنما دوطرفہ رشتوں کے ساتھ ساتھ کئی علاقائی اور عالمی سطح کے معاملات پر بھی تبادلہ خیال کریں۔ واضح رہے کہ بلجیم کے وزیراعظم بھارت کے 3 روزہ سرکاری دورے پر کل نئی دلی پہنچ گئے۔ آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اس دورے سے مختلف شعبوں میں بھارت بلجیم شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے میں مدد ملے گی۔ اسی دوران وزیراعظم نریندر مودی نے جل شکتی وزارت کی طرف سے منعقد کئے گئے پانی سے متعلق دوروزہ قومی سمٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی اور مستقبل میں پانی کی ضروریات سے پیدا شدہ چیلنجوں کے تعلق سے شہری بلدیاتی اداروں میں بیداری پیدا کی جانی چاہیئے۔

**CM**

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے طبی شعبے کو اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے اس سیکٹر کو اولین ترجیحات میں شامل کیا ہے۔ کل **SKICC** سرینگر میں حال ہی میں تعینات کئے گئے میڈیکل افسروں میں تعیناتی کے آرڈر تقسیم کرنے کے بعد انہوں نے ڈاکٹروں پر زور دیا کہ وہ اپنی پوسٹنگ کے بعد دلی اور دور دراز علاقوں میں لوگوں کو اعلیٰ معیاری طبی سہولیات فراہم کرانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ اب لوگوں کو معیاری علاج ومعالجے اور جراحیوں کیلئے بڑے اسپتالوں کو رخ نہیں

کرنا پڑنا چاہئے۔اس موقعے پر صحت کی وزیر سکینہ ایتو ، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کل رفیع آباد میں عوامی بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے کی غرض سے 3 کروڑ 29 لاکھ روپے لاگت والے کئی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقعے پر وزیر نے کہا کہ ان پروجیکٹوں کی تکمیل سے علاقے میں عام لوگوں کو بہتر سہولیات میسر ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت یوٹی کے تمام دیہی علاقوں میں ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے کی وعدہ بند ہے۔

**C.S**

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کل سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر میں عملائے جارہے بنیادی ڈھانچے اور سڑک پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر خاص طور قومی شاہراؤں ،ٹنلوں ، فلائی اوررس ،Viaducts ،پلوں ، رنگ روڈس اور دیگر پروجیکٹوں کو زیر بحث لایا گیا۔چیف سیکرٹری نے دردست لئے گئے پروجیکٹوں میں حائل رکاوٹوں کی نشاندہی کرکے انہیں فوری طور سے دور کرنے کی ہدایات دیں۔چیف سیکرٹری کو موقعے پر ایک لاکھ 19 ہزار 736 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت والے 87 پروجیکٹوں کے بارے میں جانکاری دی گئی۔

**DC'S**

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں ایگری سٹیک کی عمل آوری ، فارمر ID تیار کرنے اور ڈیجیٹل کراپ سروے کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ ریونیو افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تمام اہل کسانوں کو ترجیحی بنیادوں پر ان اقدامات کے دائرے میں لائیں۔انہوں نے کہا کہ یہ عمل معیاد بند مدت کے اندر مکمل کیا جانا چاہئے۔دریں اثناء گاندربل کے ضلع ترقیاتی کمشنر جتن کشور نے بھی ضلعے میں ڈیجیٹل کراپ سروے کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

**DC** بڈگام

بڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان نے کل ایک میٹنگ کے دوران بڈگام ریلوے سٹیشن سے سیب کی

ٹرانسپورٹیشن کیلئے بلاخلل پارسل ٹرین چلانے سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔انہوں نے ہارٹیکلچر محکمے اور ریلوے حکام کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے مال باڑے کے کرائیوں سے متعلق مقامی کسانوں اور تاجروں میں بیداری پیدا کریں۔

**DC** اننت ناگ

دریں اثناء اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے بھی ایک میٹنگ کے دوران مختلف اقسام کے میووں کو باہر کی منڈیوں تک پہنچانے کیلئے اننت ناگ سے مال بردار ریل گاڑی چلانے سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ترقیاتی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے باغبانی پیداوار کی بلاخلل ٹرانسپورٹیشن کو یقینی بنائیں۔

**DC** بانڈی پورہ

ڈی سی بانڈی پورہ اندو کنول چب نے کل ٹاؤن ہال بانڈی پورہ میں ایک پبلک آوٹ ریچ پروگرام کا انعقاد کیا۔اس دوران انہوں نے ضلعے میں دستیاب بنیادی سہولیات ،ترقیاتی کاموں اور لوگوں کو درپیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔انہوں نے وہاں موجود لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔

**DC** گاندربل

گاندربل کے ضلع ترقیاتی کمشنر جتن کشور نے کل ایک تقریب کے دوران اس سال سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے دوران بے مثال رول ادا کرنے والے افسروں اور اہلکاروں کی عزت افزائی کی۔انہوں نے کہا کہ مختلف محکموں کی محنت اور لگن کے ساتھ اس سال کی یاترا کو احسن طریقے پر پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔

ایگریکلچر

محکمہ زراعت نے اہم زرعی مواد کی وقت پر بکنگ اور اسے جلد از جلد اپنے اپنے مقامات تک پہنچانے کی غرض سے ڈاک محکمے کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔مفاہمت نامے پر ڈائریکٹر ایگریکلچر کشمیر سرتاج احمد شاہ اور **ASP** ہیڈکوارٹر ڈویژن سرینگر رمیش لال شرما نے دستخط کئے۔

پولیس

جموں وکشمیر پولیس نے منشیات کے خلاف کاروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے ریشی پورہ اونتی پورہ میں دریائے جہلم کے کنارے پر کافی مقدار میں خودرو اگی بھنگ کو تباہ کر دیا۔ پولیس نے کہا ہے کہ سماج کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے اقدامات جاری رہیں گے۔ پولیس نے میر گنڈ اننت ناگ میں سرنل اننت ناگ کے رہنے والے اُزیر اشرف وانی اور مجتبیٰ معراج نامی دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔ مکھن پورہ کولگام میں بھی پولیس نے ایکسائز محکمے کے اشتراک سے کافی مقدار میں بھنگ کو تباہ کر دیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **17** اعشاریہ **5** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **22** اعشاریہ **7** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ اجازت دیجئے۔ خدا حافظ۔